بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

نمبر 1242306۔ایس ای/اے سی ایس　　مورخہ:02-10-2026

اظہار دلچسپی

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے امتحانات سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ اور ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ پہلا اور دوسرا سالانہ 2027ء میں پیپر سیٹر، ہیڈ ایگزامینر، سب ایگزامینر اور اسسٹنٹ ٹو ہیڈ ایگزامینر کی ڈیوٹیوں کی انجام دہی کے لئے پبلک سیکٹر کے سکولوں اور کالجوں سے تعلق رکھنے والے اہل، دیانت دار، محنتی اور تجربہ کار اساتذہ کرام (میل/فی میل) کی خدمات خالصتاً عارضی بنیادوں پر درکار ہیں۔ڈیوٹی سرانجام دینے والے اساتذہ کرام کو معاوضہ بورڈ کے مروجہ قواعد وضوابط کے مطابق ادا کیا جائے گا۔

نمبر شمار	نام	ڈیوٹی اہلیت
1	پیپر سیٹر (Paper Setter) (سیکنڈری لیول اور ہائر سیکنڈری لیول)	i۔ میٹرک کے لئے پبلک سیکٹر کے ہائی/ہائر سیکنڈری سکولز کے SSS، SS اور SST اساتذہ کرام ii۔ ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کیلئے پبلک سیکٹر کے کالجز کے پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسر، لیکچرارز/ہائر سیکنڈری سکولز کے SSS، SS اساتذہ کرام iii۔ متعلقہ مضمون میں کم از کم 10 سال پڑھانے کا تجربہ iv۔ اعلیٰ ترین تعلیمی قابلیت کے حامل اساتذہ کو ترجیح دی جائے گی
1	صدر ممتحن (Head Examiner) (سیکنڈری لیول)	i۔ سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کے لئے پبلک سیکٹر کے ہائی/ہائر سیکنڈری سکولز کے SSS، SS اور SST اساتذہ کرام ii۔ بورڈ کے ساتھ بطور سب ایگزامینر مارکنگ کا 2 سالہ تجربہ iii۔ متعلقہ مضمون میں کم از کم 7 سال پڑھانے کا تجربہ iv۔ اعلیٰ ترین تعلیمی قابلیت کے حامل اساتذہ کو ترجیح دی جائے گی
2	صدر ممتحن (Head Examiner) (ہائر سیکنڈری لیول)	i۔ ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کے لئے پبلک سیکٹر کے کالجز کے پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسسٹنٹ پروفیسر ii۔ بورڈ کے ساتھ بطور سب ایگزامینر مارکنگ کا 2 سالہ تجربہ iii۔ متعلقہ مضمون میں کم از کم 7 سال پڑھانے کا تجربہ iv۔ اعلیٰ ترین تعلیمی قابلیت کے حامل اساتذہ کو ترجیح دی جائے گی
3	نائب ممتحن (Sub Examiner) (سیکنڈری لیول/ہائر سیکنڈری لیول)	i۔ سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کے لئے پبلک سیکٹر کے ہائی/ہائر سیکنڈری سکولز کے SSS، SS، SST اور EST اساتذہ کرام ii۔ ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کیلئے پبلک سیکٹر کے کالجز کے پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسسٹنٹ پروفیسر، لیکچرار/ہائر سیکنڈری سکولز کے SSS، SS اساتذہ کرام iii۔ متعلقہ مضمون میں کم از کم 3 سال پڑھانے کا تجربہ iv۔ اعلیٰ ترین تعلیمی قابلیت کے حامل اساتذہ کو ترجیح دی جائے گی
4	سپر چیکر کم اسسٹنٹ ٹو ہیڈ ایگزامینر Super Checker cum Assistant to Head Examiner	i۔ حاضر سروس گورنمنٹ اساتذہ کرام/پرائیویٹ خواہشمند حضرات جن کی تعلیمی قابلیت کم از کم MA/M.Sc,M.Com اور BS ہو ii۔ درخواست کے ہمراہ آخری ڈگری، شناختی کارڈ کی کاپی اور آن لائن فارم کی مصدقہ کاپیاں لف کریں **نوٹ: پرائیویٹ حضرات کو بوقت ضرورت ہی ڈیوٹی تفویض کی جائیگی۔ پرائیویٹ حضرات کی ڈیوٹی لگانا/نہ لگانا خالصتاً دفتر کا اختیار ہوگا۔**

اساتذہ کرام بورڈ کی ویب سائٹ کے لنک https://services.bisegrw.edu.pk/Marking_form/ پر اپلائی (Apply) کریں۔

(i) پیپر سیٹرز (Paper Setters) اپنا ڈیٹا فارم سربراہ ادارہ سے تصدیق کروا کر **فوراً** درج ذیل پتہ پر ارسال فرمائیں۔

(ii) صدر ممتحن (Head Examiners) اپنا ڈیٹا فارم سربراہ ادارہ سے تصدیق کروا کر جبکہ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے نائب ممتحن (Sub Examiners) اور سپر چیکر کم اسسٹنٹ ٹو ہیڈ ایگزامینر (Super Checker cum Assistant to Head Examiners) آن لائن اپلائی (Apply) کرنے کے بعد ڈیٹا فارم، پے سلپ، ٹائم ٹیبل اور آخری ڈگری سربراہ ادارہ سے تصدیق کروا کر سیکریسی برانچ کے ایگزامینر سیکشن کمرہ نمبر 114 بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے پتہ پر ارسال کریں یا سیکریسی ایگزامینر سیکشن میں دستی **مورخہ 31 دسمبر 2026ء** تک جمع کروائیں۔

☜ جناب سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے آرڈر نمبر SO(BOARDS)/HSSC(A) اور پنجاب اسینشل سروسز (Maintenance) ایکٹ (XXXIV of 1958) سیکشن 4 کی روشنی میں اساتذہ کرام کے لئے بورڈ کی ڈیوٹی لازمی قرار دی گئی ہے۔ لہٰذا سنٹر لائز ڈ مارکنگ اور سوالیہ پرچہ جات کی تیاری کے سلسلے میں بورڈ ہذا سے تعاون فرمانا قومی ذمہ داری ہے۔

نوٹ: جو اساتذہ کرام پہلے ہی دفتر ہذا میں رجسٹرڈ ہیں ان کیلئے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے ڈیٹا کو اپڈیٹ کر کے ڈیٹا فارم درج بالا پتہ پر ہر صورت ارسال فرمائیں۔

(پروفیسر ندیم احمد)

کنٹرولر امتحانات